دفتر، چیف پبلک ریلیشنز آفیسر

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

# جامعہ ملیہ اسلامیہ اور ہیبیٹیٹ امپرائز نے پائے دار شہری ترقی کے فروغ کے لیے مفاہمت نامے پر دستخط کیے

New Delhi, 2nd May 2025.

تحقیقی لحاظ سے انتہائی اہم اور ناک سے اے پلس پلس گریڈ یافتہ مرکزی یونیورسٹی، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پائے دار ترقی اور شہری منصوبہ بندی کے میدان میں سر کردہ ادارہ دی ہیبیٹیٹ امپرائز (ٹی ایچ ای) نے شہری منصوبہ بندی اور حکمرانی میں آب و ہوا کی شمولیت کے سلسلے میں ادارہ جاتی صلاحیت کی مضبوطی و توانائی کے لیے کل ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیا۔ پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور ڈاکٹر پرینکا کوچھر، سی ای او، ہیبیٹیٹ امپرائز نے اپنے اداروں کی جانب سے سمجھوتے کی کاروائی انجام دی۔

اس ساجھیداری کا مقصد جدید تحقیق، ہنر سازی اور پائے دار ترقی کے عمل کی تائید سے اہم شہری مسائل اور چیلنجز کو حل کرنا ہے۔ مفاہمت نامے میں درج ذیل اہم شعبوں میں مشترکہ کوششوں کو اجاگر کیا گیا ہے: اول، ایسی تحقیق اور پبلی کیشن ہو جس میں مشترکہ مطالعات ہو سکیں اور شہری منصوبہ بندی میں آب و ہوا کی شمولیت کے لیے پالیسی سفارشات کی تجاویز ہوں۔ دوسری چیز ہنر سازی ہے، جس میں شہر کے ماہرین اور پالیسی سازوں کو تربیت اور ان کی ضرورت کے مطابق ماڈل تیار کر کے دیے جائیں گے۔ فریقین کے درمیان اشتراک کا تیسرا نقطہ، سمینار، ورکشاپ اور پالیسی مذاکرات جیسی سرگرمیوں کے انعقاد سے پائے دار ترقی کے عمل کو فروغ دینے کے تصور کی تائید اور اسے انجام دینا ہے۔

پروفیسر حنا ضیا، صدر شعبہ منصوبہ بندی، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور ڈاکٹر پرینکا کوچھر، سی ای او، دی ہیبیٹیٹ امپرائز، اشتراکی کوششوں کی قیادت کریں گی۔ ہندوستان میں لچک دار، جامع اور آب و ہوا کے تئیں حساس شہری ماحول کے فروغ اور اس کی ترقی و بہبود کی سمت میں یہ ساجھیداری ایک اہم قدم ہے۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے پروفیسر رضوی نے کہا کہ 'یہ ساجھیداری پائے دار ترقی اور تعلیمی فضیلت کے تئیں جامعہ کے عہد کو نشان زد کرتی ہے۔ دی ہیبیٹیٹ امپرائز کے ساتھ مل کر کام کرنے کا ہمارا مقصد شہر کاری کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے نئے حل تلاش کرنا ہے۔

ڈاکٹر کوچھر نے سمجھوتے پر دستخط کر کے اس سلسلے میں اپنی مسرت اور جوش کا اظہار کیا۔ انھوں نے کہا کہ "جامعہ کے ساتھ کام کرنے کے لیے دی ہیبیٹیٹ امپرائز پر جوش ہے اور بامعنی تبدیلی کے لیے پائے دار ترقی میں اپنی مہارت کو استعمال کریں گے۔ آب و ہوا اور شہر کاری کے چیلنجز سے نمٹنے کے سلسلے میں یہ اشتراک ساجھیداری کی طاقت کا ثبوت ہے۔

**پروفیسر صائمہ سعید**

چیف، تعلقات عامہ افسر، جامعہ ملیہ اسلامیہ